سوال

(78)ابلیس آج تک ہمارے درمیان زندہ ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ابلیس ۔ ۔ ۔ لعنۃ اللہ ۔ ۔ ۔ اب تک زندہ ہے یا مر گیا ہے ؟ کیا جن بھی اپنے مردوں کو انسانوں کی طرح دفن کرتے ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ابلیس نے مہلت طلب کی جو اسے دے دی گئی جیسا کہ حسب ذیل ارشاد باری تعالیٰ میں ہے کہ :

قالَ رَبِّ فَأَنظِرني إِلىٰ يَومِ يُبعَثونَ ﴿٣٦﴾ قالَ فَإِنَّكَ مِنَ المُنظَرينَ ﴿٣٧﴾... سورة الحجر

''ابلیس نے کہا اے میرے پروردیگار مجھے اس روز تک کہ جب لوگ اٹھائے جایئں مہلت دے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تجھ کو مہلت دی جاتی ہے''

چنانچہ وہ اس یوم معلوم تک زندہ ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے اس کی ہلاکت کا حکم دیا ہے۔ اور وہ دنیا میں سب سے آخر میں مرنے والا ہوگا۔ جن ایسے ارواح ہیں۔ جو جسموں سے بے نیاز ہیں وہ فوت تو ہوتے ہیں لیکن ان کی تدفین ان کے حسب حال ہوتی ہے۔ ہمیں ان کی صورتوں کی کیفیت اور انکی موت وتدفین کی حالت کا علم نہیں ہے کیونکہ ان کا تعلق جنس بشر سے نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ بن باز رحمہ اللہ

جلد دوم